© rasailojaraid.com

حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ھے

تبصرہ: سید محمد کفیل بخاری

● **تذکرۂ قراء کرام**　مؤلف: قاری مشتاق احمد بالا کوٹی

ضخامت: ۶۴ صفحات　قیمت: درج نہیں　ناشر و ملنے کا پتا: ۸۵۲/آر، بلاک ۱۹، النور سوسائٹی، فیڈرل بی ایریا، کراچی

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا۔ قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھو۔ قرآنِ مجسم سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ عالی ہے:

''اِقْرَءُوا الْقُرْآنَ بِلُحُوْنِ الْعَرَبِ وَاَصْوَاتِهَا وَاِيَّاكُمْ وَلُحُوْنَ اَهْلِ الْكِتَابِيِّيْنَ وَاَهْلِ الْفِسْقِ''

(رواہ مالک والنسائی عن حذیفہ رضی اللہ عنہ، جامع الصغیر مع فیض القدیر، ج ۲، ص ۶۵)

ترجمہ: ''قرآن کریم کو عرب کی آواز اور لہجے میں پڑھو، اہل کتاب اور فساق کے لہجے سے بچو۔''

گویا قرآن کریم کو حسنِ صوت، حسنِ ترتیل، حسنِ قرأت اور حسنِ تجوید کے ساتھ پڑھنا اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا منشاء ہے۔ قرآن کریم دنیا میں تمام کتابوں کے مقابلے میں واحد کتاب ہے۔ جسے اس کے نزول سے لے کر آج تک ہر زمانے میں تجوید و قرأت اور حسنِ صوت کے ساتھ تلاوت کیا جا تا رہا ہے۔ اگرچہ حسنِ مجسم سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں تمام صحابہ رضی اللہ عنہم قرآن کریم کو حسنِ ترتیل و قرأت کے ساتھ ہی تلاوت فرماتے لیکن حضرت ابی ابن کعب اس صفت میں تمام صحابہ سے ممتاز تھے۔

محترم قاری مشتاق احمد بالا کوٹی (نگران شعبہ تجوید جامعہ احتشامیہ، کراچی) نے اپنے مختصر رسالہ میں حجازِ مقدس اور عالم عرب کے سولہ جیّد قراء، ائمہ حرمین شریفین، پاک و ہند کے چودہ قراء کرام کا اجمالی تعارف و تذکرہ پیش کیا ہے۔ قراء سبعہ اور ان کی روات، احادیثِ الٰہیہ اور قرا ئاتِ شاذہ پر مختصر معلومات ہیں۔ آخر میں تجوید و قرأت کی ۱۴۸ کتب کی ایک جامع اور مفید ترین فہرست ہے جسے مولانا محمد صدیق ارکانی نے بڑی عرق ریزی سے مرتب کیا ہے۔ تجوید و قرأت کا ذوق و شوق رکھنے والے طلباء کے لیے یہ ایک خوبصورت اور جامع رسالہ ہے۔

● **شاہ ولی اللہؒ سے امام عبیداللہ سندھیؒ تک**　مؤلف: پیرزادہ میاں ظہیر الحق دین پوریؒ

ترتیب: مبشر عرفات دین پوری　ضخامت: ۲۰۰ صفحات　قیمت: ۱۵۰ روپے

ملنے کا پتا: جامعہ امام عبیداللہ سندھیؒ، ظہیر ٹاؤن، خان پور (ضلع رحیم یار خان)

امام شاہ ولی اللہؒ ہندوستان میں اسلام کی نشاۃِ ثانیہ کرنے والے علماءِ حق کے سرخیل تھے۔ ان کے پورے

© rasailojaraid.com